سوال

(166) اپنی منگیتر کو دیکھنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا میری بہن کو اپنے اس چچازاد سے پردہ کرنا چاہیے جو مستقبل میں اس کا شوہر ہوگا لیکن یہ ابھی اس کی بیوی نہیں ہے لیکن ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق اس سے اس کی شادی کرنا چاہتے ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہاں اسے دیگر اجنبی مردوں کی طرح اپنے چچازاد سے بھی پردہ کرنا ضروری ہے خواہ اس سے اس کی منگنی ہوچکی ہو اور آپ لوگوں نے بھی اس سے شادی کا عزم کر رکھا ہے ہاں البتہ ہر وہ شخص جو کسی عورت سے منگنی کی رغبت رکھتا ہو تو وہ اسے خلوت کے بغیر دیکھ سکتا ہے تاکہ اسے نکاح کی رغبت پیدا ہو لیکن جب تک نکاح نہیں ہوتا لڑکی کا اس کے سات بیٹھنا ہمیشہ اپنے چہرے کو ننگا رکھنا اور خلوت اختیار کرنا ہے، اس وجہ سے کہ اس سے شادی کا وعدہ ہوچکا ہے، جائز نہیں ہے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 140

محدث فتویٰ